بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## حرفِ اول

# ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس۔نظام الاوقات میں تبدیلی

اس سال قرآن اکیڈمی کے زیر اہتمام ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس کے اجراء کو دس برس مکمل ہو گئے ہیں۔ الحمد للہ کہ پچھلے دس برسوں میں یہ کورس باقاعدگی سے جاری رہا اور قریباً ہر شعبہ زندگی سے وابستہ تعلیم یافتہ اور باشعور حضرات نے اس سے فائدہ اٹھایا۔ ان میں ڈاکٹر اور انجینئر بھی تھے' گریجویٹس اور پوسٹ گریجویٹس بھی' کاروباری اور ملازمت پیشہ افراد بھی تھے اور عمر رسیدہ اور ریٹائرڈ بالخصوص ریٹائرڈ فوجی آفیسرز بھی۔ کورس کے شرکاء کی تعداد اس دوران گھٹتی بڑھتی رہی۔ کسی سال اگر شرکاء کی تعداد پچاس سے متجاوز رہی تو ایسے مواقع بھی آئے جب بیس سے بھی کم افراد شریک کلاس ہوئے۔ بہرکیف یہ کورس تسلسل کے ساتھ جاری رہا۔

یہ کورس دو سمسٹرز میں منقسم ہے۔ گزشتہ چند برسوں سے چونکہ امریکہ میں مقیم ہمارے رفقاء اور احباب کے حلقے میں سے بھی ہر سال تین چار افراد اِس کورس میں شرکت کے لئے تشریف لاتے رہے ہیں لہٰذا اُن کی سہولت کے پیش نظر کورس کے دورانیہ کو مزید گھٹا کر ۹ ماہ تک محدود کر دیا گیا ہے۔ کوشش یہ کی جاتی ہے کہ زیادہ intensive study کے ذریعے کم عرصے میں کورس کو مکمل کر دیا جائے ـــــ ہر سمسٹر کا دورانیہ قریباً سوا چار مہینے ہے اور درمیان میں دو ہفتے کا بریک ہے ـــــ پہلے سمسٹرز کا بنیادی اور مرکزی مضمون عربی گرامر ہے جس کے ساتھ قرآن حکیم کی فکری و عملی رہنمائی پر مشتمل "منتخب نصاب" کو بھی اس سمسٹر کے ایک اہم مضمون کی حیثیت حاصل ہے۔ مزید برآں تجوید' مطالعہ تحریکی لٹریچر اور مطالعہ حدیث بھی شامل نصاب ہیں۔ جبکہ دوسرے سمسٹر میں "ترجمہ قرآن حکیم" مرکزی مضمون کی حیثیت رکھتا ہے جس کے ساتھ ساتھ مبادیات فقہ' اصطلاحات حدیث و مطالعہ حدیث اور بعض دیگر اہم مضامین بھی شامل کئے گئے ہیں۔

اس سال ماہ رواں کے آخر تک اس کورس میں داخلے مکمل کر لئے جائیں گے اور ان شاء اللہ العزیز ۷/ اگست سے تدریس کا آغاز ہو جائے گا۔ گزشتہ برسوں کے مقابلے میں اس سال ایک ماہ کی تعجیل سے اس کورس کا آغاز کیا جا رہا ہے اور اس کا اختتام مئی ۹۹ء کے اواخر میں ہو جائے گا۔ قبل ازیں اکتوبر کے پہلے ہفتے میں تدریس کا آغاز ہوتا تھا اور اگلی جولائی اگست تک تدریس کا سلسلہ جاری رہتا تھا۔ نظام الاوقات میں یہ تبدیلی شدید موسمی حالات کو پیش نظر رکھتے ہوئے کی گئی ہے۔

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com